# اشتہار نیلام عام۔

## متروکہ وقف زرعی اراضیات واقع ضلع ملتان۔

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متروکہ وقف زرعی اراضیات واقع ضلع ملتان برائے عرصہ تین سال از فصل خریف 2021 تا ربیع 2024ء جبکہ اربن لاٹ ہائے عرصہ ایک سال از خریف 2021ء تا ربیع 2022ء بذریعہ نیلام عام عارضی پٹہ کاشت پر دی جانی مطلوب ہیں۔

ہر پاکستانی شہری بولی میں حصہ لے سکتا ہے ماسوائے ان لوگوں کے جو کہ محکمہ کے باقیدار ہوں، ساڑھے چار ایکڑ سے زائد مالک اراضی ہوں، ساڑھے بارہ ایکڑ سے زائد کے کاشتکار ہوں، سرکاری/نیم سرکاری ملازم ہوں، فاتر العقل ہوں۔

کامیاب بولی دہندہ سے سال اول کا زر پٹہ موقع پر وصول کیا جائے گا اور آئندہ سالانہ زر پٹہ، پٹہ دار خود ہر سال 31 جنوری تک ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ نیلام کمیٹی کو اختیار ہو گا کہ وہ بغیر وجہ بتائے کسی بھی بولی کو نامنظور یا مسترد کر دے بولی دہندہ نادرہ کا اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائے کاروائی نیلام عام مورخہ 12-04-2021 بوقت صبح 9:00 بجے شروع ہو گی۔ مزید براں آمدہ ہدایات کی روشنی میں سب سے زیادہ بولی دہندہ کے ساتھ ساتھ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ سے بھی تحت شرائط زر پٹہ بحق سرکار موقع پر جمع کروانا لازمی ہوگا جو کہ کاروائی کی تکمیل کے بعد حسب ضابطہ واپس کر دیا جائے گا۔ دریں اثناء اگر بورڈ آفس سے ہدایات موصول ہوتی ہیں تو ان پر عمل درآمد ہوگا۔

**نوٹ:۔**

ایسی لاٹ ہائے جو ابھی تک حسب ضابطہ توسیع پٹہ پر نہ کروائی گئیں ہیں اور بوجہ عدم ادائیگی زر پٹہ سال 2021-22 شامل شیڈول نیلام عام کی گئی ہیں تو سیع پٹہ ہونے کی صورت میں اور ادائیگی زر پٹہ قبل از تاریخ نیلام عام ہو جانے کی صورت میں شیڈول نیلام عام سے حسب ضابطہ خارج کر دی جائیں گی۔

جو لاٹ ہائے ضلع ملتان کی مورخہ 12-04-2021 کو نیلام نہ ہو سکیں متبادل مورخہ 19-04-2021 و مورخہ 26-04-2021 ،اور 03-05-2021 کو بمقام دفتر متروکہ وقف املاک، پہلی منزل ٹرسٹ پلازہ، نزد ڈیرہ اڈا، ملتان بذریعہ نیلام عام عارضی کاشت کاری مقاصد کے لئے پٹہ پر دی جائیں گی۔

نیلام عام برائے عارضی کاشت پٹہ داری درج ذیل شیڈول کے مطابق ہوگا۔

**نیلام عام پٹہ داری متروکہ وقف اراضیات۔**

تاریخ نیلام عام 12-04-2021، وقت نیلام 9:00 بجے صبح مقام نیلام فرسٹ فلور ٹرسٹ پلازہ ایل ایم کیو روڈ ڈیرہ اڈا، ملتان۔

**ضلع ملتان۔**

| خسرہ نمبران | رقبہ A-K-M | لاٹ نمبر | چک نمبر/موضع | نام تحصیل | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 18/4 to 9-10/2-12 to 17 | 12-04-0 | 1 | کچھیوالہ | ملتان | 1 |
| 92/11-12-13-14-15 | 4-6-11 | 1 من | لطف پور | شجاع آباد | 2 |
| 99/15-100/11-20-21 | 4-0-0 | 5 من | لطف پور | شجاع آباد | 3 |
| 131/16-132/15-16-20 to 25 | 9-0-0 | 30 | لطف پور | شجاع آباد | 4 |
| 152/4-5-6-7-15-153/1-2-9-10-11-12-19-20 | 13-0-0 | 47 | لطف پور | شجاع آباد | 5 |
| 156/3-4-5-6-7-8-14 TO 19-21/1 | 12-4-0 | 51 | لطف پور | شجاع آباد | 6 |
| 156/21/2-22-23-155/2/2-3-4 | 5-0-0 | 52 | لطف پور | شجاع آباد | 7 |
| 40/22/2-23,47/1/3-2-3-4-7/1-9/1-10/2-10/3-26 | 3-7-14 | 1 | شجاع آباد خاص | شجاع آباد | 8 |
| 140/15/1-15/2-27 | 2-1-11 | 3 | کھجوھٹہ | شجاع آباد | 9 |
| 68/23/2-24/1-24/2-25/1-82/4/1 | 1-6-18 | 1 | چھنکی | شجاع آباد | 10 |
| 187/8-9-12-13,19/1 | 4-7-11 | 1 | کوٹلی عادل | جلال پور پیر والا | 11 |
| 105/17/2-150/5-6-7/1-14-15-17-18/1-136/3/1-8/2-13 | 7-5-11 | 8 | بستی لانگ | جلال پور پیر والا | 12 |
| 138/25-139/21-147/17-146/20-21/1-2-24/2-25 | 7-1-4 | 7 | بستی لانگ | جلال پور پیر والا | 13 |
| 64/9-65/17-18-19-23-71/1-2-9-10-11-12-19-20 | 13-1-16 | 3 | واہی سندیلہ | جلال پور پیر والا | 14 |
| 279/11-12/1-19/1-20/1 | 2-3-6 | 1 | شجاعت پور | جلال پور پیر والا | 15 |
| 91/1/1 | 0-6-0 | 1 | خان بیلہ | جلال پور پیر والا | 16 |

**المشتہر:-**

**ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک، حکومت پاکستان،**

فرسٹ فلور ٹرسٹ پلازہ، ایل۔ایم۔کیو روڈ ڈیرہ اڈا ملتان

فون نمبر: 061-9200961